سوال نمبر: 4807 منجانب: سردار اورنگ زیب نلوٹھا صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

	سوال	جواب
	کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ	
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ دیوال منال تحصیل حویلیاں میں کچھ عرصہ قبل واٹر سپلائی سکیم کی منظوری ہوئی تھی؟	جی ہاں۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو اس سکیم کیلیئے کتنا فنڈ منظور ہوا اور اب اس سکیم کی کیا پوزیشن ہے آیا محکمہ مذکورہ سکیم کو فعال کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	واٹر سپلائی سکیم دیوال منال جولائی 2007 میں صوبائی ادارہ برائے تعمیر نو اور بحالی زلزلہ (PEERA) کے مالی تعاون سے 10 ملین روپے کی مجوزہ لاگت سے منظور ہوئی تھی۔ جسکی تفصیل درجہ ذیل ہے: ا۔ واٹر ورکس: 1.669 ملین روپیہ۔ 2۔ پمپنگ مشینری: 1.400 ملین روپیہ۔ 3۔ واٹر ٹینک: 0.671 ملین روپیہ۔ 4۔ پائپ لائن: 6.260 ملین روپیہ۔ ٹوٹل : 10.00 ملین روپیہ۔ تاہم مذکورہ سکیم کے لئے PEERA نے ایک ہی قسط مبلغ 1.6 ملین روپے جاری کئے تھے۔ اور PEERA سے بقایا فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے سکیم مکمل نہ ہو سکی۔ تاہم حکومت کی کوشش ہے۔ کہ فنڈز کی دستیابی کی صورت میں اس سکیم کی ترجیحی بنیادوں پر منظوری دی جائے۔